The Absolute Reality

www.quran4u.com

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ

بیشک ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا)
بنایا ہے کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا؟

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary
(فتح محمد جالندهري)

سورة البلد

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ہمیں اس شہر کی قسم	.1
اور تم اسی شہر میں تو رہتے ہو	.2
اور باپ (یعنی آدم) اور اس کی اولاد کی قسم	.3
بیشک ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے	.4
کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا؟	.5
کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کیا	.6
کیا اسے یہ گمان ہے کہ اسے کسی نے دیکھا نہیں	.7

بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟	.8
اور زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے)	.9
(یہ چیزیں بھی دیں) اور اس کو (خیر اور شر کے) دونور بھی دکھادیئے	.10
مگر وہ گھاٹی پر سے ہو کر نہ گزرا	.11
اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے	.12
کسی کی گردن کا چھڑانا	.13
یا بھوک کے دن کھانا کھلانا	.14
یتیم رشتہ دار کو	.15
یا فقیر خاکسار کو	.16
پھر ان لوگوں میں بھی (داخل) ہوا جو ایمان لائے اور صبر کی نصیحت اور (لوگوں پر) شفقت کرنے کی وصیت کرتے رہے	.17
یہی لوگ صاحب سعادت ہیں	.18
اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بد بخت ہیں	.19
یہ لوگ آگ میں بند کر دیے جائیں گے	.20

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com